

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تینتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'کھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'کھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ کھ کوا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'کھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ اور ڑھ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازیں اور الفاظ دہرائیں جائیں گے۔<br>**تعارف:** ک اور ھ کا فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے بچوں سے پوچھا جائے گا یہ کون سے حرف ہیں۔ 'کھ' لکھ کر آواز بتائی جائے گی اور سب کو دہرانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے مصوتوں کے بارے میں پوچھ کر 'کھ' کوا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سفید پر لکھا جائے گا اور پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>کھ +ا = کھا کھ +و = کھو کھ +ی = کھی کھ +ے = کھے<br>بار بار ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ 'کھ' کے الفاظ بتائے جائیں گے (کھیر، کھایا، کھیرا، کھوٹ، کھوج، کھانا، کھڑکی وغیرہ)۔ چار حرفی الفاظ کے توڑ بتائے جائیں گے۔ مثلاً کھایا = کھ +ا +ی +ا<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں بھاری حروف 'بھ تا کھ' کے الفاظ فلیش کارڈز چھپائے جائیں گے اور بچوں کو چار گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ باری باری جائے گا اور الفاظ تلاش کرے گا۔ ہر گروپ کو پانچ پانچ منٹ کا وقت دیا جائے گا۔ جب سب گروپ فلیش کارڈز اکٹھے کر لیں گے تو بچوں کو اکٹھے کیے گئے الفاظ پڑھ کر بتانے ہوں گے اور 'کھ' کے فلیش کارڈز کو تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کرنا ہوگا۔ کھ کے الفاظ باقی بھاری الفاظ سے زیادہ ہوں گے۔ مثلاً (کھال، کھجور، کھلاڑی، کھمبا، کھلونا، کھیل، کھیرا، کھیت، کھانسی، کھوپرا، کھویا وغیرہ)۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 79 کھولنے کو کہا جائے گا 'ک' 'ھ' سے ملا کر لکھنے اور 'کھ' کوا، و، ی، ے سے ملا کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ **اختتامیہ:** بچوں سے 'کھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر 'کھ' کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | بھاری حرف 'کھ' کا فلیش کارڈ<br><br><br><br>کتاب صفحہ نمبر 79<br>'کھ' کے الفاظ فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'کھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تینتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'کھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'کھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔ کھ کوا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'کھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کھا، کھو، کھی، کھے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر 'کھا' فلیش کارڈ چسپاں کرے گی۔<br><br><br>فلیش کارڈ کے ساتھ حروف لکھ ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ ان الفاظ کے توڑ کرنا بتائے جائیں گے۔ کھائی کھ + ا- ء +ی<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کھایا، کھائی، کھائے، کھاؤ، کھائیں کے الفاظ فلیش کارڈ اور حروف فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ بچوں کو لفظ دیکھ کر اس کے حروف کارڈ سے اس لفظ کو بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 80 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'کھا' کے الفاظ کی لکھائی کرنے اور الفاظ کے توڑ کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>'کھا' کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر کھا، کھو، کھی، کھے کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | 'کھا' فلیش کارڈ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 80 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'کھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی تینتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف ’کھ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف ’کھ‘ کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔کھ کوا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں ۔’کھ‘ کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>’کھا‘ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>’کھا‘ فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے اُس کے ساتھ لفظ بنانا بتایا جائے گا۔  کھاتا اور کھانا کو ی اور ے سے ملا کر لفظ بنانا بتائیے۔کھاتی کھاتے کھانا، کھانے، ’کھایا‘ کھائی اور کھائے سے ہم آواز الفاظ بنائیے جیسا کہ کھایا، گایا، پایا، لایا وغیرہ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کھائی اور کھائے کے الفاظ فلیش کارڈ دے کر ہم آواز الفاظ بتانے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کتاب صفحہ 82 کھولنے کو کہا جائے گا ۔لفظ بنانے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔کھایا، کھائی اور کھائے سے ہم آواز لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم آواز الفاظ کون سے الفاظ ہوتے ہیں؟<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 81 میں اپنی پسندیدہ کھانے کی چیزیں بنایے اور رنگ بھریے اور نام بھی لکھیے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 82 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف ’کھ‘ کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے۔جی تینتیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'کھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'کھ' کی آواز الفاظ پہچان سکیں۔کھ کوا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں ۔'کھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کھانا، کھاتے، کھاتا، کھائے، کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>'کھؤ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی پڑھائی کروائی جائے گی۔کھود، کھول، کھوٹ اور کھوج کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی اور بچوں سے کرنے کو کہا جائے گا۔ان الفاظ سے جملے بنائے جائیں گے مثال کے طور پر کھڑکی بند کردو۔فاطمہ کی بات میں کوئی کھوٹ نہیں۔وغیرہ<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ڑھ اور کھ کے الفاظ زمین پر لکھ کر بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔بچوں کو کھ کے الفاظ پر چھلانگ لگانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 84 کھولنے کو کہا جائے گا۔'کھؤ' کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے کو کہا جائے گا۔نیچے لکھے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر معلمہ بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>'کھ' کے جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر کھانا، کھاتا، کھاؤ، کھوٹ کی لکھائی کیجیے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br><br>20منٹ<br><br>5منٹ | 'کھؤ' فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 84 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'کھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تینتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'کھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں اور جملے بنا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کھ کے تمام الفاظ دکھا کران کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جملہ سازی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم جملہ سازی کرنا سیکھ چکے ہیں۔ بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ جملہ الفاظ کا مجموعہ ہے۔ جملہ ایسا ہونا چاہیے جس سے بات مکمل سمجھ آجائے اور جملہ بامعنی ہونا چاہیے۔ بچوں کو مختلف الفاظ دکھا کران پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | کتاب صفحہ 58 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 58 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو تصاویر دیکھنے اور اوپر دیے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تمام جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے گی اور بچوں سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>تمام جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |